ہفتہ وار رسالہ: 304
WEEKLY BOOKLET: 304

امیرِ اہلِ سنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ
کے مختلف فرامین کا مجموعہ

# امیرِ اہلِ سنّت کے 150 ارشادات

(قسط: 03)

صفحات 16



پیشکش:
المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# امیرِ اہلِ سنّت کے 150 ارشادات

**دُعائے خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت:** یاربَّ المصطفےٰ! جو کوئی 16 صفحات کا رسالہ ”امیرِ اہلِ سنّت کے 150 ارشادات“ پڑھ یا سن لے اسے امیرِ اہلِ سنّت کے صدقے نیکی کی راہ پر چلا اور دین و دنیا کی خوب برکتیں عطا فرما۔ اٰمین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلّی اللّٰہ علیہ واٰلہٖ وسلّم

## دُرود شریف کی فضیلت

شہنشاہِ خوش خصال، پیکرِ حُسن و جمال صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا فرمانِ باکمال ہے: ”اِذَا نَسِیْتُمْ شَیْئًا فَصَلُّوْا عَلَیَّ تَذْکُرُوْہُ اِنْ شَآءَ اللّٰہ، یعنی جب تم کوئی چیز بھول جاؤ تو مجھ پر دُرودِ پاک پڑھ لیا کرو اِن شاءَ اللہ وہ چیز تمہیں یاد آجائے گی۔“ (القول البدیع، ص427)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ❀❀❀ صَلَّی اللّٰہُ علٰی مُحَمَّد

## بزرگوں کے ارشادات کی اَہمیّت

حضرت لقمان رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: عُلَما کے ساتھ لازمی طور پر بیٹھا کرو اور حکمت والوں کا کلام سنا کرو کیونکہ اللہ پاک حکمت کے نور سے مُردہ دل کو اسی طرح زندہ کرتا ہے جس طرح مُردہ زمین کو بارش کے قطروں سے۔

(معجم کبیر، 8/199، حدیث:7810)

یاد رہے! علم و حکمت بھری باتوں سے جہاں فکر و نظر کے دریچے روشن ہوتے ہیں، وہیں علمِ دِین سیکھنے کا ثواب بھی ہاتھ آتا ہے۔

اَلحمدُلِلّٰہ! شیخِ طریقت، امیرِ اَہلِ سُنَّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال


www.dawateislami.net

محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ بھی اَسلاف (گزشتہ بزرگوں) کے طریقے پر عمل کرتے ہوئے عام فہم اَنداز میں قرآن و حدیث کی روشنی میں نہ صِرف شَرعی سوالات کے جوابات ارشاد فرماتے ہیں، بلکہ بعض اوقات قیمتی طِبّی معلومات سے بھی رُوشَناس فرماتے، مُتعدَّد گُتّھیوں کو سُلجھاتے (یعنی مشکلات کو حل فرماتے)، مختلف علمی مدنی پھولوں کے ذَریعے اسے اور مُنفرد بناتے اور دیکھنے سُننے والوں کے دِلوں میں خوفِ خدا و عشقِ مصطفٰے کی شمع بھی فَروزاں (روشن) فرماتے ہیں۔ آپ دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ کی مَجلس وَعظ و نصیحت کا خزینہ اور گمراہوں کیلئے ہدایت کا زِینہ ہے۔ آیئے! مختلف موضوعات پر آپ کے ارشاداتِ عالیہ مُلاحظہ کیجئے:

## امیرِ اہلِ سنّت کے 150 ارشادات

﴿1﴾ اسلام امن اور راحت کا پیغام دیتا ہے۔ (17 شوال 1435 بمطابق 14 اگست 2014)

﴿2﴾ کوئی کام کرنا ہو تو (اُسے) سنجیدہ (Serious) لینا ہو گا، انسان سنجیدگی سے کوئی کام کرے تو منزل پالیتا ہے۔ (20 شوال 1435 بمطابق 16 اگست 2014)

﴿3﴾ حسبِ ضرورت روزی پر قَناعت کرنا سیکھیں۔ (4 ذوالقعدۃ الحرام 1435ھ۔ 30 اگست 2014)

﴿4﴾ فضول باتوں سے اس لئے بھی بچیں کہ فضول بات کرتے کرتے کہیں گناہوں بھری گُفتگو میں نہ پڑ جائیں۔ (4 ذوالقعدۃ الحرام 1435ھ۔ 30 اگست 2014)

﴿5﴾ جس مُرید میں دِینی خوبیاں جتنی زیادہ ہوں گی، پیر اپنے اُس مُرید سے اُتنی زیادہ محبت کرے گا۔ (18 ذوالقعدۃ الحرام 1435ھ۔ 13 ستمبر 2014)

﴿6﴾ والدین اپنی اولاد پر یہ ظاہر نہ کریں کہ ہم اپنے فلاں بیٹے یا بیٹی سے زیادہ محبت کرتے

ہیں ورنہ دیگر احساسِ کمتری کا شکار ہوں گے اور یہ اُن کیلئے باعثِ ہلاکت (باعثِ نقصان) ہو گا۔(18 ذوالقعدۃ الحرام 1435ھ۔13 ستمبر 2014)

﴿7﴾ سوشل میڈیا پر اپنے بنے ہوئے اکاؤنٹس پر اپنی فوٹو لگانا مجھے اچھا نہیں لگتا، اپنی تصاویر ختم کر کے حُبِّ جاہ کا خاتمہ کرنے کی کوشش کریں۔

(18 ذوالقعدۃ الحرام 1435ھ۔13 ستمبر 2014)

﴿8﴾ جتنا زیادہ نیکی کرنے میں شیطان وسوسے ڈالے، اُتنی ہی زیادہ ہمت سے نیکی کرنی چاہیے۔(18 ذوالقعدۃ الحرام 1435ھ۔13 ستمبر 2014)

﴿9﴾ بچوں کو جانوروں کے ساتھ حُسنِ سلوک کا ذہن دینا چاہیے۔

(30 ذوالقعدۃ الحرام 1435ھ۔25 ستمبر 2014)

﴿10﴾ اپنے نیک اعمال پر مُطمئن نہیں ہونا چاہیے بلکہ اللہ پاک کی خُفیہ تدبیر سے ڈرتے رہنا چاہیے۔(30 ذوالقعدۃ الحرام 1435ھ۔25 ستمبر 2014)

﴿11﴾ پِیر کی توجہ حاصل کرنے کیلئے پِیر کی اطاعت کی جائے۔

(30 ذوالقعدۃ الحرام 1435ھ۔25 ستمبر 2014)

﴿12﴾ کُتب تصنیف کرنا آسان کام نہیں جو اِس کا اہل ہو اُسی کو یہ کام کرنا چاہیے۔

(فرسٹ ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔26 ستمبر 2014)

﴿13﴾ اچھے دوست کو پہچاننے کیلئے اُس کے ساتھ سفر کریں یا کوئی معاملہ مثلاً خرید و فروخت وغیرہ کریں۔(فرسٹ ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔26 ستمبر 2014)

﴿14﴾ جب تک ہم نے ”الفاظ“ نہ بولے، ہمارے ہیں، جب نکل گئے تو دوسروں کے ہو گئے، وہ جو چاہیں کریں۔(3 ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔28 ستمبر 2014)



www.dawateislami.net

﴾15﴿ صحابۂ کرام اپنے بچوں کو بہادری کی تربیت دیا کرتے تھے۔ ہمارے بچے شیر کی طرح بہادر ہونے چاہئیں۔(4ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔29 ستمبر 2014)

﴾16﴿ سب مل کر مُلک کی تعمیر اور مسجد بھرو تحریک میں ہمارا ساتھ دیں، ہمارا بچّہ بچّہ نَمازی بن گیا تو مُلک بھی خوشحال ہو جائے گا۔(5ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔30 ستمبر 2014)

﴾17﴿ سُنّت میں عظمت ہے۔(10ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔5 اکتوبر 2014)

﴾18﴿ مُعاشرے کی غلط رُسومات میں شامل ہو جانا مَردانگی نہیں بلکہ مَرد وہ ہے جو معاشرے کو اپنے پیچھے چلائے۔(11ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔6 اکتوبر 2014)

﴾19﴿ کفایت شعاری اپنانا سیکھ لیں اور اگر ایک دِن کا کھانا بچ جائے تو پھینکنے کے بجائے دوسرے دِن کھالیں۔(16ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔11 اکتوبر 2014)

﴾20﴿ بُزُرگوں سے نسبت رکھنے والی ہر شے ”تَبرُّک“ ہے۔
(16ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔11 اکتوبر 2014)

﴾21﴿ والدین سے خدمت لینے کے بجائے اِن کی خدمت کریں۔
(16ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔11 اکتوبر 2014)

﴾22﴿ معافی مانگنے سے ویلیو(Value) ڈاؤن(Down) نہیں اَپ(Up) ہوتی ہے۔
(23ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔18 اکتوبر 2014)

﴾23﴿ فضول سے بچو تاکہ گناہ میں نہ پڑ جاؤ۔(23ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔18 اکتوبر 2014)

﴾24﴿ کسی کو ”مَنوانا“ ہمارا کام نہیں ”سمجھانا“ کام ہے۔(23ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔18 اکتوبر 2014)

﴾25﴿ اپنی نیکیوں پر اعتماد نہ کریں بلکہ اللہ کی رحمت پر نظر رکھیں۔
(23ذوالحجۃ الحرام 1435ھ۔18 اکتوبر 2014)

﴾26﴿ مل کر کھانا کھاتے ہوئے ایسا انداز اِختیار نہ کریں کہ دوسروں کو گِھن آئے، مہذَّب



www.dawateislami.net

سے مہذَّب ترین انداز ہونا چاہئے۔(24ذوالحجۃ الحرام1435ھ۔19اکتوبر2014)

﴿27﴾رَنگ باتوں سے کم اور صحبت سے زیادہ چڑھتا ہے۔
(25ذوالحجۃ الحرام1435ھ۔20اکتوبر2014)

﴿28﴾مُخلص شخص ہزار پَردوں میں چُھپ کر بھی نیک کام کرے، اللہ پاک اُس کو لوگوں میں مشہور کر دیتا ہے۔(25ذوالحجۃ الحرام1435ھ۔20اکتوبر2014)

﴿29﴾خوفِ خُدا کی ایک اہم علامت یہ ہے کہ بندہ اللہ پاک کی نافرمانیوں سے بچے۔
(25ذوالحجۃ الحرام1435ھ۔20اکتوبر2014)

﴿30﴾مِلَنسار شخص سے لوگ محبت کرتے ہیں۔(25ذوالحجۃ الحرام1435ھ۔20اکتوبر2014)

﴿31﴾بقر عید ہو یا میٹھی عید، ہمیں ڈر ڈر کر اور کم کھانا چاہئے۔
(فرسٹ محرم الحرام1436ھ۔25اکتوبر2014)

﴿32﴾میرا تجربہ ہے کہ فی زمانہ مسلمانوں کی غالب اکثریّت کو دُرست نماز پڑھنا نہیں آتی، نہ مخارِج دُرُست ہیں اور نہ ارکان دُرُست ادا کرتے ہیں۔
(فرسٹ محرم الحرام1436ھ۔25اکتوبر2014)

﴿33﴾ہمارے ہر کام کا مَحْوَر (مقصد) رِضائے اِلٰہی ہونا چاہیے۔
(فرسٹ محرم الحرام1436ھ۔25اکتوبر2014)

﴿34﴾ہماری زندگی کا مقصد اللہ و رسول کو منانا ہے، مگر ہم لوگوں کو منانے میں خوار (ذلیل) ہو رہے ہیں۔(فرسٹ محرم الحرام1436ھ۔25اکتوبر2014)

﴿35﴾مالکان اپنی گاڑیوں میں لکھ کر لگا دیں: اس گاڑی میں گانے باجے اور فلمیں وغیرہ نہیں دکھائی جاتیں، مُسافر(Passengers)اصرار نہ کریں۔
(3محرم الحرام1436ھ۔27اکتوبر2014)

﴿36﴾ رزقِ حلال کے حصول کے لیے وہ کاروبار کیجئے، جس میں دِین کی خدمت بھی کر سکیں۔(3 محرم الحرام 1436ھ۔27 اکتوبر 2014)

﴿37﴾ برائیوں سے بچنے کا شُعُور برائی سے بچنے کا ذریعہ ہے۔

(4 محرم الحرام 1436ھ۔28 اکتوبر 2014)

﴿38﴾ امام مُعاشرے کے مُعزَّزِین ہیں، ان کا احترام کیجئے۔ان کی خدمت کریں مگر مُصافحہ کے دوران رقم نہ دیا کریں بلکہ لفافے میں ڈال کر تنہائی میں دیں۔

(5 محرم الحرام 1436ھ۔29 اکتوبر 2014)

﴿39﴾ خادمِ مسجد معاشرے کا مظلوم ترین فرد ہے،اس کے ساتھ بھی مالی تعاون کریں۔

(5 محرم الحرام 1436ھ۔29 اکتوبر 2014)

﴿40﴾ دکانوں وغیرہ کے نام مُتَبَرَّک نہ رکھے جائیں کیونکہ ان کی توہین ہو سکتی ہے مثلاً غوثیہ ٹیلرز وغیرہ بلکہ دنیاوی نام رکھے جائیں۔(5 محرم الحرام 1436ھ۔29 اکتوبر 2014)

﴿41﴾ افسوس! آج کل غفلت کا دور دَورہ ہے خوف کی چیزیں مثلاً بادل کا گرجنا اور بجلی کا کڑکنا وغیرہ میں لوگ توبہ اِستغفار کے بجائے اُچھل کود کرتے اور لُطف اُٹھاتے ہیں۔

(5 محرم الحرام 1436ھ۔29 اکتوبر 2014 خصوصی)

﴿42﴾ گُناہ سے بچنے کیلئے گناہ کے اسباب کو ختم کرنا ہو گا۔

(6 محرم الحرام 1436ھ۔30 اکتوبر 2014 خصوصی)

﴿43﴾ اللہ پاک کی نافرمانی کرنا مسلمان کا نہیں، شیطان کا کام ہے۔

(7 محرم الحرام 1436ھ۔31 اکتوبر 2014)

﴿44﴾ مسلسل نیکی کی دعوت دیتے رہیں شرم و جِھجک ختم ہوتی جائے گی۔

(7 محرم الحرام 1436ھ۔31 اکتوبر 2014 خصوصی)

﴿45﴾ جس بات سے گناہوں کا دروازہ کھلے اس سے اِجتِناب کریں۔

(8 محرم الحرام 1436ھ۔فرسٹ نومبر 2014)

﴿46﴾ قبرستان جاتے رہیے کہ اِس سے عِبرت حاصل ہوتی ہے۔

(8 محرم الحرام 1436ھ۔فرسٹ نومبر 2014)

﴿47﴾ جس (مُعالِج) کے علاج سے فائدہ نہ ہو تو اسے بُرا بھلا نہ کہیں، شفا دینے والا تو اللہ کریم ہے۔ (9 محرم الحرام 1436ھ۔2 نومبر 2014)

﴿48﴾ جس چیز کی نسبت حَرَمَین طَیِّبین (مکہ ومدینہ) اور بزرگوں سے ہو جائے، شریعت کے دائرہ میں رہتے ہوئے اس کے لیے بہتر سے بہترین الفاظ استعمال کیجئے۔

(9 محرم الحرام 1436ھ۔2 نومبر 2014)

﴿49﴾ ہر اُس بات اور حرکت سے بچیے جس سے کسی مسلمان کی دل آزاری ہو سکتی ہو۔

(10 محرم الحرام 1436ھ۔2 نومبر 2014)

﴿50﴾ ہر فرد کو عالم بننے کی کوشش کرنی چاہیے، عالم ہونا بہت بڑی سعادت ہے۔

(18 ربیع الآخر 1436ھ۔7 فروری 2015)

﴿51﴾ استاذ اور کتابوں کا زیادہ سے زیادہ احترام کیا جائے، ان شاء اللہ علم کی روح حاصل ہو گی۔ (11 محرم الحرام 1436ھ۔4 نومبر 2014)

﴿52﴾ اگر امام مسجد، ملنسار و بااخلاق ہو تو وہ دِین کی بہت خدمت کر سکتا ہے۔ ایسا امام مسجد محلے کا بے تاج بادشاہ ہوتا ہے۔(11 محرم الحرام 1436ھ۔4 نومبر 2014 خصوصی)

﴿53﴾ کسی مُسلمان کو دوسرے مُسلمان سے بد ظن نہیں کرنا چاہیے۔

(11 محرم الحرام 1436ھ۔4 نومبر 2014 خصوصی)

﴿54﴾ اگر طلبہ کے اخلاق دُرست ہو جائیں اور ان میں صحیح معنوں میں سنجیدگی آجائے تو



www.dawateislami.net

یہ دِین کی بہت خدمت کر سکتے ہیں۔(15 محرم الحرام1436ھ۔8نومبر2014 خصوصی)

﴿55﴾ دینی کتابیں سَستی بیچی جائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اِستفادہ کریں، یہ دینی مُرَوَّت (اخلاق) کا تقاضا ہے۔(16 محرم الحرام1436ھ۔9نومبر2014 خصوصی)

﴿56﴾ داڑھی اور عمامہ ایسی نعمتیں ہیں جو انسان میں موجود برائیاں دور کرتی ہیں۔
(21 محرم الحرام1436ھ۔15نومبر2014 خصوصی)

﴿57﴾ موٹر سائیکل پر ٹرپیل سواری (تین کا بیٹھنا) قانونی واخلاقی جرم اور جان کے لیے خطرہ ہے۔(21 محرم الحرام1436ھ۔15نومبر2014 خصوصی)

﴿58﴾ ماں باپ کا علاج اپنا پیٹ کاٹ کر (یعنی کم کھا کر، گزارا کر کے) بھی کرنا چاہیے۔
(21 محرم الحرام1436ھ۔15نومبر2014 خصوصی)

﴿59﴾ جو نیکی کرنا چاہتے ہیں، ان کو سنجیدہ (Serious) ہونا ضروری ہے، صرف ”چاہنا“ کافی نہیں۔(29 محرم الحرام1436ھ۔22نومبر2014)

﴿60﴾ جب کوئی طبیعت پوچھے تو جواب میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن کہا جائے، بچوں کو بھی سکھایا جائے۔(7صفر المظفر1436ھ۔29نومبر2014)

﴿61﴾ مجھے بچپن سے نمازِ باجماعت پڑھنے کا جذبہ تھا۔(7صفر المظفر1436ھ۔29نومبر2014)

﴿62﴾ خاموش رہنے میں دُنیا و آخِرت کے فوائِد ہیں۔(7صفر المظفر1436ھ۔29نومبر2014)

﴿63﴾ مَدَنی چینل اچھی اچھی نیّتوں سے دیکھنا عبادت ہے، کیونکہ یہ خالِص دِینی چینل ہے۔
(7صفر المظفر1436ھ۔29نومبر2014)

﴿64﴾ حضرتِ عائشہ صدیقہ رضی اللہُ عنہا کی شان ستاروں اور مٹی کے ذرّوں سے زیادہ ہے۔
(16صفر المظفر1436ھ۔6دسمبر2014)

﴿65﴾ تنگدَستی کے اسباب میں سے یہ بھی ہے کہ ماں باپ کو نام لے کر پکارا جائے۔
(16صفر المظفر1436ھ۔6دسمبر2014)

﴿66﴾ مخاطَب سے اس کے مقام و مرتبہ کے مطابق اچھے الفاظ سے بات کیجئے۔
(16صفر المظفر1436ھ۔6دسمبر2014)

﴿67﴾ اصل نیک وہی ہے جو اللہ پاک کے ہاں بھی نیک ہو، مَحض شُہرت ہونا کافی نہیں۔
(21صفر المظفر1436ھ۔13دسمبر2014)

﴿68﴾ دعوتِ اسلامی ''عمل'' کی تحریک ہے، رَسمی (Formality) نہیں۔
(21صفر المظفر1436ھ۔13دسمبر2014)

﴿69﴾ نام ہونے (یعنی شُہرت) میں بھی اِمتحان ہے۔ (21صفر المظفر1436ھ۔13دسمبر2014)

﴿70﴾ ہر ایک کو اُس کی نفسیات کے مطابِق نیکی کی دعوت دی جائے۔
(28صفر المظفر1436ھ۔20دسمبر2014)

﴿71﴾ کاش! ایسا ہو جائے کہ جب ہم بولنا چاہیں تو تھوڑا سا رُک جائیں، سوچیں، پھر بولیں۔
(28صفر المظفر1436ھ۔20دسمبر2014)

﴿72﴾ کسی مسلمان پر زبانِ طَعن نہ کھولی جائے۔ (28صفر المظفر1436ھ۔20دسمبر2014)

﴿73﴾ حافظ کو سارا سال قرآنِ مجید کی تلاوت کرتے رہنا چاہیے، تاکہ مَنزِل پکّی رہے۔
(28صفر المظفر1436ھ20دسمبر2014)

﴿74﴾ حتّی الامکان ایسی فلائٹ یا بس میں سفر کریں، جس میں کسی نماز کا وقت نہ آئے۔
(28صفر المظفر1436ھ۔20دسمبر2014 خصوصی)

﴿75﴾ اپنے بچّوں کو شیر بناؤ، دعوتِ اسلامی کے رسالے پڑھاؤ، بھوتوں پریوں کی کہانیوں سے بچاؤ۔ (2ربیع الاوّل1436ھ۔24دسمبر2014)

﴿76﴾ لوگ عموماً کہہ دیتے ہیں کہ اللہ پاک نے یوں فرمایا ہے، قرآن میں یوں ہے جو کہ بہت



www.dawateislami.net

غلط انداز ہے، جب تک سو فیصد یقین یا کسی مُفتی یا مُستَنَد عالِم سے تصدیق نہ کرلیں تو اپنی طرف سے یوں نہ کہا کریں۔(2ربیع الاوّل1436ھ-24دسمبر2014)

﴾77﴿ مُومِن نرم طبیعت اور نرم زبان والا ہوتا ہے۔(4ربیع الاوّل1436ھ-26دسمبر2014)

﴾78﴿ نرم مِزاج شخص سے لوگ محبت کرتے ہیں۔(4ربیع الاوّل1436ھ-26دسمبر2014)

﴾79﴿ باطِن کو اُجلا اور نیا کرنے کے لیے سچی توبہ کرلیجئے۔(5ربیع الاوّل1436ھ-27دسمبر2014)

﴾80﴿ جان بوجھ کر نماز ترک کرنے سے دل میلا ہوتا ہے۔

(5ربیع الاوّل1436ھ-27دسمبر2014)

﴾81﴿ مسلمان جہاں بھی ہوں، اِسلام کے اُصولوں کے پابند ہیں۔

(5ربیع الاوّل1436ھ-27دسمبر2014)

﴾82﴿ جلوسِ میلاد میں نیاز کو لوگوں کی طرف پھینکنے کے بجائے، ہاتھوں میں دیا کریں۔

(5ربیع الاوّل1436ھ-27دسمبر2014)

﴾83﴿ جلوسِ میلاد میں اِس طرح پُروقار اور مُؤدَب انداز میں شرکت کریں کہ غیر مسلم بھی دیکھے تو مسلمان ہوجائے۔(5ربیع الاوّل1436ھ-27دسمبر2014)

﴾84﴿ اصل حافظِ قرآن وہ ہے جو قرآن کے احکام مانے اور عمل کرے۔

(6ربیع الاوّل1436ھ-28دسمبر2014)

﴾85﴿ موبائل فون کے نقصانات اس کے فوائد سے زیادہ ہیں۔

(8ربیع الاوّل1436ھ-30دسمبر2014)

﴾86﴿ روزانہ اِحتِساب کرنا چاہیے کہ زندگی کا ایک قیمتی دن گزر گیا۔

(9ربیع الاوّل1436ھ-31دسمبر2014)

﴾87﴿ تارِیخِ دنیا کے مُطالعہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے: "اِنقلاب" ہمیشہ ایک ہی لاتا



www.dawateislami.net

ہے، بقیہ لوگ اُس ایک کے مُعاوِن ہوتے ہیں۔ (10 ربیع الاوّل 1436ھ ۔ فرسٹ جنوری 2015)

﴿88﴾ چراغاں اور بزرگانِ دِین کی نیاز، سُنّیوں کا شِعار ہے۔

(10 ربیع الاوّل 1436ھ ۔ فرسٹ جنوری 2015)

﴿89﴾ جو ہمارے ہاتھ میں ہے، اُسے تو کوئی چھین سکتا ہے، مگر جو مُقدَّر میں ہے وہ کوئی نہیں چھین سکتا۔ (11 ربیع الاوّل 1436ھ ۔ 2 جنوری 2015)

﴿90﴾ مساجِد کو آباد کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب بھی نماز پڑھنے جائیں، کسی نئے (شخص) پر انفرادی کوشش کرکے ساتھ لیتے جائیں۔ مسجد میں درسِ فیضانِ سُنّت کی ترکیب بنائیں، مسجد میں دل لگائیں نیز وہاں بیٹھ کر ذکرو اَذکار کیا کریں۔ (11 ربیع الاوّل 1436ھ ۔ 2 جنوری 2015)

﴿91﴾ دِل سَمُندر کی طرح وسیع ہونا چاہیے، جس کا دِل بار بار دُکھ جاتا ہو وہ دِین تو کیا دُنیا کا کام بھی نہیں کر سکتا، اُس کے دوست بھی بہت تھوڑے ہوتے ہیں۔

(11 ربیع الاوّل 1436ھ ۔ 2 جنوری 2015)

﴿92﴾ کامیاب ہونا چاہتے ہو تو دلوں میں عشقِ مصطفٰے کی شمع فَروزاں کرلو۔

(11 ربیع الاوّل 1436ھ ۔ 2 جنوری 2015)

﴿93﴾ اُس ڈاکٹر سے علاج کروایئے جو اَمانت دار اور خوفِ خُدا والا ہو۔

(11 ربیع الاوّل 1436ھ ۔ 2 جنوری 2015)

﴿94﴾ نیک اعمال کا حقیقی عامِل، ہزاروں لاکھوں میں پہچانا جاتا ہے۔

(12 ربیع الاوّل 1436ھ ۔ 3 جنوری 2015)

﴿95﴾ دِین پر عمل کرنے سے وہ عزّت ملتی ہے کہ وزراء بلکہ صدر بھی رشک کرتے ہوں گے۔ (12 ربیع الاوّل 1436ھ ۔ 3 جنوری 2015)

﴿96﴾ بعض اوقات کسی نیک شخص کے پاس بیٹھنے سے تقدیر بدل جاتی ہے۔

(17 ربیع الاوّل 1436ھ ۔ 8 جنوری 2015)



www.dawateislami.net

﴿97﴾ مدنی مُذاکَرہ معلومات کا خزانہ ہے۔(17ربیع الاوّل 1436ھ۔8 جنوری 2015)

﴿98﴾ حُصولِ علمِ دین بہت اہم عبادت ہے۔(17ربیع الاوّل 1436ھ۔8 جنوری 2015)

﴿99﴾ مدنی مُنّیوں کو بھی کبھی کبھی مدنی برقع پہنانا چاہیے تاکہ بڑی ہونے سے پہلے ہی پردے کا ذہن بنے۔(19ربیع الاوّل 1436ھ۔10 جنوری 2015)

﴿100﴾ کسی مسلمان کے بارے میں نہ کہا جائے کہ "ہلاک ہو گیا" بلکہ "اِنتِقال کر گیا" کہنا بہتر ہے۔(19ربیع الاوّل 1436ھ۔10 جنوری 2015)

﴿101﴾ اگر اِمام و مؤذِّن، ملنسار اور میٹھے میٹھے ہوں، تو لوگ اِن کے اِرد گِرد ہوں گے۔ (19ربیع الاوّل 1436ھ۔10 جنوری 2015)

﴿102﴾ امام و مؤذِّن کو اپنی غربت پر فاقہ کرلینا چاہیے، مگر کسی مالدار کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلانا چاہیے۔(19ربیع الاوّل 1436ھ۔10 جنوری 2015)

﴿103﴾ اپنے دل میں عشقِ رسول کا چراغ جلائیے، دُنیا و آخرت میں کامیابی ہوگی۔ (2ربیع الآخر 1436ھ۔22 جنوری 2015)

﴿104﴾ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ کی بات ہمارے لئے حرفِ آخر ہے۔ (3ربیع الآخر 1436ھ۔23 جنوری 2015)

﴿105﴾ گُناہوں کے عذابات سے واقفیت ہوگی تو ان سے بچنے کا ذہن بنے گا۔ (4ربیع الآخر 1436ھ۔24 جنوری 2015)

﴿106﴾ بندہ اتنے مہربان ربّ کی نافرمانی کیسے کرے؟ جو لاتعداد نعمتوں سے نوازتا ہے۔ (4ربیع الآخر 1436ھ۔24 جنوری 2015)

﴿107﴾ عموماً جھاڑنے والے سیٹھ سے، نوکر وفا نہیں کرتا۔(4ربیع الآخر 1436ھ 24 جنوری 2015)

﴿108﴾ میٹھے بول میں ایسا سحر (جادو) ہے کہ سرکش (نافرمان)، مُطیع (فرمانبردار) ہو جائے۔ (4ربیع الآخر 1436ھ۔24 جنوری 2015)



www.dawateislami.net

﴾109﴿ تیکھے بول میں ایسا زہر ہے کہ اولاد نافرمان ہو جائے۔
(4ربیع الآخر1436ھ۔24جنوری2015)

﴾110﴿ بِلا اجازتِ شرعی، دل آزار انداز سے گھور کر دیکھنا بھی گُناہ ہے۔
(4ربیع الآخر1436ھ۔24جنوری2015)

﴾111﴿ جذبہ سچا ہو تو کامیابی قدم چوم لیتی ہے۔(4ربیع الآخر1436ھ۔24جنوری2015)

﴾112﴿ جب کسی کام کی پوچھ گچھ نہ ہو تو وہ پہلے ٹھنڈا (سُست) اور پھر ختم ہو جاتا ہے۔
(4ربیع الآخر1436ھ۔24جنوری2015 خصوصی)

﴾113﴿ اگر آپ نے کسی کی اِصلاح کی کوشش کی اور وہ سُنّتوں کا عامِل بن گیا تو گویا آپ نے اُس کی آنے والی نسلوں کی اِصلاح کر دی۔(4ربیع الآخر1436ھ۔24جنوری2015 خصوصی)

﴾114﴿ مدنی چینل کی نعمت سے بھرپور فائدہ اُٹھائیں اور اِس کو دیکھنے کی دعوت دیتے رہیں۔(4ربیع الآخر1436ھ۔24جنوری2015 خصوصی)

﴾115﴿ عُرس منانے کی رُوح یہ ہے کہ جن کا عُرس منا رہے ہیں، اُن کی سیرت پر بھی عمل کریں۔(5ربیع الآخر1436ھ۔25جنوری2015)

﴾116﴿ جس طرح کھانے کی حِرص (لالچ) کی جاتی ہے ، اِس سے زیادہ نماز و نیکیوں کی حِرص کیجئے۔(5ربیع الآخر1436ھ۔25جنوری2015)

﴾117﴿ شروع سے ہی بچوں کو زیادہ کھانے پینے اور اچھے اچھے لباس سے بے رغبت کیا جائے۔(5ربیع الآخر1436ھ۔25جنوری2015)

﴾118﴿ اچھی نیّت ہو تو کسی کے دِینی نقصان پر دِل جلانا کارِ ثواب ہے۔
(5ربیع الآخر1436ھ۔25جنوری2015 خصوصی)

﴾119﴿ شادی میں بھی شریعت کے احکام ہی کی پابندی کی جائے۔ غیر شرعی رُسومات


www.dawateislami.net

میں رشتہ داروں کی بات نہ مانی جائے، رشتہ دار نہ جنّت میں داخِل کر سکتے ہیں نہ دوزخ میں ڈال سکتے ہیں۔(5ربیع الآخر1436ھ۔25جنوری2015خصوصی)

﴿120﴾ مُفتی بہت عقل مند ہوتا ہے۔(6ربیع الآخر1436ھ۔26جنوری2015)

﴿121﴾ نام لے کر پُکارنا سُنّت ہے۔(6ربیع الآخر1436ھ۔26جنوری2015خصوصی)

﴿122﴾ وہ بڑا بدنصیب ہے، جس پر اِصلاح کرنے والوں کا دروازہ بند ہو۔
(7ربیع الآخر1436ھ۔27جنوری2015)

﴿123﴾ یہ ذہن بنالیجئے کہ مجھے کوئی مارے یا دھکے دے، میں نے دعوتِ اسلامی کا دینی ماحول نہیں چھوڑنا، بلکہ دعوتِ اسلامی سے ایسے چِپک جائیں، کوئی ٹکڑے ٹکڑے کرکے بھی جُدا نہ کرسکے۔(7ربیع الآخر1436ھ۔27جنوری2015خصوصی)

﴿124﴾ بزرگانِ دین کا فیض حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اِن کی سیرت پر عمل کریں۔ان شاء اللہ الکریم اِتنا فیض ملے گا کہ دوسروں کو تقسیم کریں گے۔(8ربیع الآخر1436ھ۔28جنوری2015)

﴿125﴾ کوئی کسی بھی ناگوار انداز میں سوال کرے، ہمیں صبروتحمل سے اِس کا اَحسن (اچھے) انداز میں جواب دینا چاہیے۔(8ربیع الآخر1436ھ۔28جنوری2015)

﴿126﴾ کسی بھی گُناہ سے سکون نہیں ملتا۔(8ربیع الآخر1436ھ۔28جنوری2015خصوصی)

﴿127﴾ حرام مال میں برکت نہیں ہوتی، کسی نہ کسی طرح ہاتھ سے نکل جاتا ہے۔
(8ربیع الآخر1436ھ۔28جنوری2015خصوصی)

﴿128﴾ حُبِّ جاہ (عزّت وشُہرت کی محبّت) بُری بلا ہے۔اس میں دُنیاوآخِرت کی تباہی ہے۔
(8ربیع الآخر1436ھ۔28جنوری2015خصوصی)



www.dawateislami.net

﴿129﴾ ہمیں اللہ پاک کے لیے جینا اور اُسی کے لیے ہی مرنا ہے۔
(8ربیع الآخر1436ھ۔28جنوری2015 خصوصی)

﴿130﴾ ظُلم، آخِرت کا اندھیرا ہے۔(8ربیع الآخر1436ھ۔28جنوری2015 خصوصی)

﴿131﴾ اگر ہم کَمَاحقہ فضول باتوں سے بچنے میں کامیاب ہو جائیں، تو یہ اللہ پاک کی (بڑی) نعمت ہے۔(8ربیع الآخر1436ھ۔28جنوری2015 خصوصی)

﴿132﴾ ایک دن کے بچّے سے بھی تُو تڑاق سے بات نہ کی جائے۔۔
(8ربیع الآخر1436ھ۔28جنوری2015 خصوصی)

﴿133﴾ جو آپ سے "تُو" کہہ کر بات کرتا ہے، آپ اُس کے ساتھ بھی آپ، جی جناب سے گفتگو کیا کریں۔۔(8ربیع الآخر1436ھ۔28جنوری2015 خصوصی)

﴿134﴾ اگر کوئی صحیح معنوں میں نیک اعمال نامی رسالے پر عمل کرے تو وہ نیک و پرہیزگار بن جائے گا۔(8ربیع الآخر1436ھ۔28جنوری2015 خصوصی)

﴿135﴾ گیارہویں والے (غوثِ اعظم) کے دامن سے وابستہ ہو جائیں، تو وہ بارہویں والے آقا (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) تک پہنچائیں گے۔(10ربیع الآخر1436ھ۔30جنوری2015)

﴿136﴾ آخِرت کے اِعتبار سے قبر پہلی منزل ہے۔(10ربیع الآخر1436ھ۔30جنوری2015)

﴿137﴾ گُناہ اِیمان لیوا (لے۔وا) ہو سکتا ہے اور (اس سے) اِیمان ضائع ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔(10ربیع الآخر1436ھ۔30جنوری2015)

﴿138﴾ گُناہوں کی بیماری، بدن کی بیماریوں سے زیادہ تشویشناک ہے۔
(16ربیع الآخر1436ھ۔5فروری2015)

﴿139﴾ جس کا بیٹا بے عمل ہو، اُس کو اُس کے بیٹے کی بے عملی کا طعنہ دینا دل آزاری ہے۔
(16ربیع الآخر1436ھ۔5فروری2015)

﴿140﴾ سب سے بڑی مصیبت کفر و شرک ہے۔(16ربیع الآخر1436ھ۔5فروری2015)

﴿141﴾ ڈاکٹر اور دکاندار نماز کے وقت اپنی دکان وغیرہ پر ایک بورڈ آویزاں کر کے نمازِ باجماعت ادا کیا کریں۔ اس بورڈ پر نمایاں لکھا ہو ”وَقفۂ نماز“ اور اس کے نیچے یہ تحریر ہو ”مجھے دعوتِ اسلامی سے پیار ہے“۔(16ربیع الآخر1436ھ۔5فروری2015)

﴿142﴾ لذّتِ عشقِ رسول لازوال دولت ہے۔(16ربیع الآخر1436ھ۔5فروری2015)

﴿143﴾ تہجد پڑھنے والے کے چہرے پر نور ہوتا ہے۔
(16ربیع الآخر1436ھ۔5فروری 2015 خصوصی)

﴿144﴾ مسجد کی سجاوٹ لائٹوں سے نہیں، نمازیوں سے ہے۔
(17ربیع الآخر1436ھ۔6فروری2015)

﴿145﴾ اگر تمام لوگ کِفایت شِعاری سے بجلی استعمال کریں تو مُلک بھر میں لوڈشیڈنگ میں کمی آسکتی ہے۔(17ربیع الآخر1436ھ۔6فروری2015)

﴿146﴾ جو بارگاہِ الٰہی میں جھکتا ہے، بلندی پاتا ہے۔(17ربیع الآخر1436ھ۔6فروری2015)

﴿147﴾ صبح کے خاص فضائل ہیں، طلوعِ صبح تا طلوعِ آفتاب اللہ رِزق تقسیم فرماتا ہے۔
(17ربیع الآخر1436ھ۔6فروری2015)

﴿148﴾ موبائل فون کو رابطہ کا آلہ بنایئے، اسے تفریح کے لیے استعمال نہ کیجئے۔ آجکل موبائل گناہوں کا آلہ بن چکا ہے۔(17ربیع الآخر1436ھ۔6فروری2015)

﴿149﴾ جب بھی کوئی حدیثِ پاک بیان کریں تو اُس میں اپنی طرف سے کوئی لفظ نہ ملائیں۔(17ربیع الآخر1436ھ۔6فروری 2015 خصوصی)

﴿150﴾ جذباتی آدمی اچھا کام بہت اچھا کرتا ہے اور مَنفی کام بہت بُرا کرتا ہے۔
(17ربیع الآخر1436ھ۔6فروری2015 خصوصی)


www.dawateislami.net

## امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ کے ملفوظات میں سے ایک مدنی گلدستہ


**سُوال:** باحیا بننے کا نسخہ ارشاد فرمادیجئے؟

**جواب:** حیا ہر شخص میں ہوتی ہے، کسی میں کم ہوتی ہے اور کسی میں زِیادہ ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ کوئی غیر مسلم بھی ہو تو اس میں بھی کچھ نہ کچھ حیا ضرور ہوتی ہے، ورنہ کپڑے کیوں پہنتے!! حیا ہے جبھی تو کپڑے پہنتے ہیں۔ البتہ مسلمان کی حیا کی اپنی ہی ایک شان ہے۔

امیرُ المؤمنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہُ عنہ کی حیا کا تو کیا کہنا! آپ رضی اللہُ عنہ چار دیواری میں کپڑے تبدیل کرتے ہوئے بھی حیا کے مارے سِمٹ جاتے تھے۔(مسند امام احمد، 1/160، حدیث:543) ہمیں بھی اپنی حیا کا معیار چیک کرنا چاہیے۔ ابھی تو بالکل شریف بن کر حیا کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں، لیکن موقع بہ موقع ہماری حیا کا کیا حال ہوتا ہوگا۔ حدیثِ پاک میں ہے: حیا جتنی بھی ہو اچھی ہے۔(مسلم، ص46، حدیث:157)

افسوس یہ ہے کہ ہماری ایک تعداد وہاں حیا نہیں کرتی جہاں حیا کرنی چاہیے اور وہاں حیا کرتی ہے جہاں حیا نہیں کرنی چاہیے۔ جہاں گناہ ہوتے ہیں وہاں حیا کرنی ہوتی ہے، اسی طرح بے پَردگی اور بَد نگاہی میں حیا کرنی ہوتی ہے کہ میرا رب مجھے دیکھ رہا ہے، میرا کیا بنے گا!! حیا کا سب سے زیادہ حق یہی ہے کہ ہم اللہ پاک سے حیا کریں، مگر ہمارا حال یہ ہے کہ ہم گناہ کے کاموں میں حیا نہیں کرتے۔ اس کے بَرعکس بعض اوقات جہاں نیکی کا کام ہوتا ہے وہاں مَعَاذَ اللہ ہمیں شرم آجاتی ہے۔(ملفوظاتِ امیر اہل سنّت، 5/269)

## اگلے ہفتے کا رسالہ





فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی

UAN +92 21 111 25 26 92 / 0313-1139278

www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net

feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net